118

# اُردو(لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

( برائے اطفال محروم سماعت و گویائی )

| Version No. | 4 | 5 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

حصہ اوّل (کُل نمبر:20) — وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) ہجرت مدینہ کے لیے سفر کا سامان تیار کیا:
A حضرت عائشہؓ نے — B حضرت اسماءؓ نے — C حضرت فاطمہؓ نے — D حضرت خدیجہؓ نے

2) پیپائرس کی تحریروں سے کس کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہیں؟
A نمرود — B شداد — C فرعون — D مرزا

3) سبق 'کلیم اور ظاہر دار بیگ' مولوی نذیر احمد کے کس ناول سے اقتباس ہے؟
A توبۃ النصوح — B مراۃ العروس — C ابن الوقت — D بنات النعش

4) مرزا باہر گئے اور کلیم کے لیے __________ بھنوا لائے۔
A مرغ — B بھٹے — C چنے — D گوشت

5) انسان نے لکھنا پڑھنا کتنے ہزار سال پہلے سیکھا؟
A دو ہزار سال — B تین ہزار سال — C پانچ ہزار سال — D سات ہزار سال

6) کلیم کس کا فرزند تھا؟
A جعدار کا — B مرزا زبردست بیگ کا — C میاں نصوح کا — D مرزا بانکے کا

7) 'انارکلی' کس کی تصنیف ہے؟
A مولوی نذیر احمد — B علامہ شبلی نعمانی — C سید امتیاز علی تاج — D ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن صدیقی

8) شہنشاہ اکبر مجھے انارکلی کے لیے کس سزا کا حکم دیتا ہے؟
A ہاتھ کاٹنے کی — B ملک بدر کرنے کی — C قید کرنے کی — D دیوار میں زندہ چنوا دینے کی

9) سبق 'وادی ہنزہ کا چراغاں' میں مصنف کون سی پہاڑی چوٹی اپنے ساتھیوں کو دکھانا چاہ رہا تھا؟
A کے۔ٹو — B راکاپوشی — C نانگا پربت — D ماؤنٹ ایورسٹ

10) عبدالحق پیشے کے لحاظ سے کیا تھا؟ (سبق۔ وادی ہنزہ کا چراغاں)
A سکول ٹیچر — B انجینئر — C گائیڈ — D چوکیدار

11) مصنف کی مولانا ظفر علی خان سے پہلی ملاقات کہاں ہوئی؟
A بنگلور میں — B دہلی میں — C لاہور میں — D کلکتہ میں

12) مصنف چراغ حسن حسرت، مولانا ظفر علی خان کے ساتھ شعر و ادب پر گفتگو کرنا چاہتے تھے مگر مولانا صاحب کس موضوع پر گفتگو کرنا چاہتے تھے؟
A سیاست — B مذہب — C سماجی معاملات — D بین الاقوامی تعلقات

13) دامانِ دِلّی کے قصبہ 'ہاپڑ' کی کونسی دو چیزیں مشہور ہیں؟
A پان اور دھان — B جوتے اور چوڑیاں — C مچھلی اور شالیں — D پاپڑ اور مولوی عبدالحق

14) مولوی عبدالحق اکثر کھانا:
A دوستوں کو بلا کر ان کے ساتھ کھاتے تھے — B اکیلے کھاتے تھے
C باہر کھاتے تھے — D نہیں کھاتے تھے

15) سر اقبال نے مصنف سے پہلی ملاقات کے دوران نوکر سے کس زبان میں قلم لانے کا کہا؟
A اردو میں — B پنجابی میں — C فارسی میں — D گجراتی میں

16) ڈاکٹر علامہ اقبال نے جاوید اور بانو کی تربیت اور نگہداشت کے لیے کس کی خدمات حاصل کیں؟
A ایک ہندو خاتون کی — B ایک فرانسیسی خاتون کی — C ایک جرمن خاتون کی — D لیڈی مسعود اندور کی

17) مصنف رشید احمد صدیقی کی علامہ اقبال سے پہلی ملاقات کب ہوئی؟
A 1906 میں — B 1910 میں — C 1915 میں — D 1925 میں

18) نظم 'ریل کا سفر' کے شاعر کا نام ہے:
A علامہ اقبال — B احسان دانش — C سید ضمیر جعفری — D انور مسعود

19) نظم 'رات اور ریل' میں ریل کس وقت روانہ ہوئی؟
A آدھی رات کو — B شام کو — C دوپہر کو — D صبح سویرے

20) ہجرت مدینہ، نبوت کے کون سے سال کا واقعہ ہے؟
A دسویں سال کا — B تیرھویں سال کا — C پندرھویں سال کا — D بیسویں سال کا

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 80

## حصہ دوم (کُل نمبر:48)

**سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل اجزاء میں سے بارہ (12) کے تین سے چار سطروں میں جواب لکھیں:** (12x4=48)

(i) قریش نے حضورؐ کے بارے میں کیا فیصلہ کیا؟
(ii) حضورؐ کی تشریف آوری پر اہلِ مدینہ کا کیا ردِعمل تھا؟
(iii) سائنس کا علم کس طرح حاصل ہوتا ہے؟
(iv) چینی طریقہ علاج کیا ہے؟
(v) مرزا کی شخصیت کی تین خصوصیات لکھیے۔
(vi) مسجد کی ویرانی کا اندازہ کن باتوں سے ہو رہا تھا؟
(vii) اکبر کے خواب کیا تھے جو چکنا چور ہو گئے؟
(viii) مصنف کی اپنے ساتھیوں کے ساتھ بدمزگی کیوں ہو گئی تھی؟ (سبق 'وادی ہنزہ کا چراغاں' سے)
(ix) ٹوڈی سے کیا مراد ہے؟
(x) مولوی عبدالحق چندہ کیسے جمع کرتے تھے؟
(xi) گاندھی کو اردو پر کیا اعتراضات تھے؟
(xii) مصنف کی علامہ اقبال سے پہلی ملاقات کب ہوئی؟
(xiii) نظم 'آزادی' میں شاعر کس بات کو آزادی کی توہین سمجھتا ہے؟
(xiv) نظم 'رات اور ریل' میں ریل کس وقت روانہ ہوئی؟
(xv) مسافر بستر میں کیا باندھ لاتے ہیں؟ (نظم 'ریل کا سفر' سے)
(xvi) مندرجہ ذیل میں سے چار الفاظ کے معنی لکھیے

علالت ، توقف ، خاصہ ، قرمزی ، قلق

## حصہ سوم (کُل نمبر:32)

**سوال نمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** (1+1+4=6)

الف۔ تشریف آوری کی خبر مدینہ میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشمِ انتظار تھا۔

ب۔ طب میں بھی ایسا ہی امتیاز قائم ہوا۔ پوری دنیائے اسلام میں سمرقند اور بخارا سے لے کر تیونس، مراکش، اور سپین تک بے شمار اطباء پیدا ہوئے۔

**سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیں:** (1+1+5=7)

الف۔
پھر چلتی ہے ریل اسٹیشن سے لہراتی ہوئی
نیم شب کی خامشی میں زیرِ لب گاتی ہوئی
ڈگمگاتی، جھومتی، سیٹی بجاتی، کھیلتی
وادی کہسار کی ٹھنڈی ہوا کھاتی ہوئی

ب۔
تیور دکاندار کے شعلے سے کم نہ تھے
لہجے میں گونجتی تھی گرانی غرور کی
گاہک سے کہہ رہا تھا ذرا آئینہ تو دیکھ
کس منہ سے دال مانگ رہا ہے مسور کی

**سوال نمبر۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالوں کے جوابات لکھیے:** (2+2=4)

(i) تشبیہ سے کیا مراد ہے؟
(ii) حروفِ عطف کیا ہیں؟
(iii) مطلع کی تعریف کریں۔

**سوال نمبر۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں:** (05)

الف۔ علم کی دولت — ب۔ صبح کی سیر

**سوال نمبر۷۔** اپنے دوست کو تحفہ کے شکریے کا خط لکھیے۔ (05)

**سوال نمبر۸۔** اخبار میں شائع خالی اسامی پر نوکری کے لیے درخواست لکھیں۔ (05)